76060-مرد پر زنا کی حد واجب ہونے کا وقت

سوال

بندہ زنا کی حد کا مستحق کب ہوتا ہے، آیا جب دونوں ختنے مل جائیں ؟

اور کیا جب جماع باہر ہی کیا جائے، یعنی مرد اپنی منی رحم سے باہر ہی خارج کر دے جس طرح کہ جو لوگ اولاد نہیں چاہتے وہ کرتے ہیں، یا کہ حد کا مستحق اس وقت ہو گا جب مکمل جماع ہو ؟

پسندیدہ جواب

اول :

زنا کی حد لگنے میں دخول شرط ہے، اور وہ مرد کی شرمگاہ عورت کی شرمگاہ میں داخل ہونا ہے، تو اس وقت دونوں ختنے مل جاتے ہیں، یعنی مرد کے ختنے کی جگہ عورت کے ختنے کی جگہ سے مل جاتی ہے، تو جب دخول ہو جائے تو وہ زنا کا مرتکب ہو گا جس سے حد لگتی ہے، چاہے مرد کا انزال ہو یا نہ ہوا ہو، یا اس نے دخول کرنے کے بعد باہر ہی انزال کر دیا ہو، چاہے، چاہے مرد کا عضو تناسل منتشر ہو اور شہوت ہو یا ایسا نہ ہو.

فقہاء کے ہاں زنا کی حد کے متعلق متفقہ شروط کے بارہ میں الموسوعۃ الفقھیۃ میں درج ہے :

"فقہاء کے مابین زنا کی حد میں یہ متفقہ شرط ہے کہ عضو تناسل کا اگلا حصہ، یا اس کے کٹے ہوئے میں سے کچھ حصہ عورت کی فرج میں داخل ہو تو حد جاری ہو گی، اور اگر اس نے بالکل داخل ہی نہ کیا، یا پھر اس میں سے کچھ حصہ داخل کیا تو اس پر حد نہیں کیونکہ اس نے وطئ نہیں کی، اور اس میں انزال کی شرط نہیں، اور نہ ہی داخل کرنے کے وقت انتشار اور کھڑا ہونے کی شرط ہے، چاہے انزال ہوا ہو یا نہ حد واجب ہو گی، اس کا عضو تناسل کھڑا ہو یا منتشر ہو یا نہ ہو" انتہی.

دیکھیں : الموسوعۃ الفقھیۃ (23/24).

دوم :

اس کا یہ معنی نہیں کہ انسان جب زنا کی حد تک نہیں پہنچا تو وہ دوسرے حرام کاموں کے ارتکاب میں سستی و کاہلی کرے؛ بلکہ اس سے وہ زنا بیان کرنا مراد ہے جس سے حد واجب ہوتی ہے، لیکن اجنبی عورت کے ساتھ مرد کی خلوت کرنا، اور اسے چھونا اور اس سے بوس و کنار کرنا بھی بلا شک و شبہ حرام ہے، مسلمان شخص پر واجب ہے کہ وہ دنیا میں اللہ تعالی کے عذاب کا خوف اور ڈر رکھتا ہوا اس سے اجتناب کرے، قبل اس کے کہ اسے آخرت کے عذاب سے دوچار ہونا پڑے.

اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ ہمیں رشد و ہدایت سے نوازے، اور ہمیں تقوی و عفت و عصمت اور غنا عطا فرمائے.

واللہ اعلم.